

بجٹ سازی کے اصولوں سے متعلق ورک بُک

نام:

تاریخ:

بجٹ سازی کے اصول

مشمولات

بجٹ سازی کے اصول 2
تعارف 3
بجٹ کیا ہے؟ 4
ایشان کی کہانی 5
الیک کی کہانی 6
مارک کی کہانی 7
سام کا بجٹ 8
آن لائن ٹولز 9
ہنگامی فنڈ 10
سرگرمی - ہنگامی فنڈ شروع کرنا 11
مزید معلومات 12
رقم کی فکر 12
رفاہی امداد 12
ڈیجیٹل ہنر کے ساتھ مزید مدد اور مشورہ 16
وہ اصطلاحات جو آپ سن سکتے ہیں 17

تعارف

کورس کا مقصد

اس ورکشاپ کا مقصد آپ کو بجٹ بنانے کا طریقہ اور ایسا کرنے کے فائدہ کے بارے میں سمجھانا ہے۔ آج دوران گفتگو آنے والی ہر چیز رہنمائی کے لیے ہے اور یہ مالی مشورہ نہیں ہے۔ کوئی بھی ویب سائٹس، ٹولز وغیرہ دستیاب چیزوں کی مثالیں ہیں۔

مقاصد

اس ورکشاپ کے اختتام پر، آپ کو درج ذیل کے قابل ہونا چاہیئے:

- اس بات کی وضاحت کریں کہ "بجٹ" اصطلاح سے ہماری مراد کیا ہے اور فوائد کی تلاش کریں
- بجٹ بنائیں
- دستیاب آن لائن بجٹ ٹولز کی قسمیں تلاش کریں
- ہنگامی رقم رکھنے سے ہونے والے فوائد کی فہرست بنائیں

بجٹ کیا ہے؟

ایک ایسے ہدف کا نام بتائیں جس کے لیے آپ مہینے کے آخر میں رقم خرچ کرنا چاہیں گے۔

"بجٹ" کی اصطلاح سے ہماری کیا مراد ہے؟

بجٹ بنانا کیوں ضروری ہے؟

آپ کس طرح کام کرتے ہیں آپ کا بجٹ کیا ہے؟

آپ کہاں سے آمدنیحاصل کرسکتے ہیں؟



ایشان کی کہانی

ایشان کو اپنا بجٹ بنانے میں جدوجہد کا سامنا ہورہا ہے کیونکہ وہ ایک ڈیلیوری کمپنی کے لیے کام کرتے ہیں اور ہر ماہ انہیں مختلف آمدنی حاصل ہوتی ہے۔

ایشان گھر میں کمانے والے واحد شخص ہیں۔کچھ مہینوں میں انہیں اپنے بلوں کی ادائیگی کے لیے جدوجہد کرنا پڑ رہا ہے جبکہ دیگر مہینوں میں ان کے پاس اضافی رقم کی بچت ہوتی ہے۔ وہ ان مہینوں کے لیے ہنگامی فنڈ میں رقم جمع کرنا شروع کرنا چاہتے ہیں جب ان کے پاس اپنے تمام اخراجات کو پورا کرنے کے لیے کافی رقم نہیں ہوتی ہے۔

یہاں یہ دکھایا گیا ہے کہ ایشان کس طرح سے اپنی اوسط ماہانہ آمدنی پر کام کرسکتے ہیں جس سے وہ مناسب طریقے سے بجٹ بناسکتے ہیں اور رقم بچا سکتے ہیں۔ ایشان پچھلے تین مہینوں کی اپنی آمدنی کو نوٹ کرتے ہوئے شروع کرتے ہیں:

تاریخ	£ میں آمدنی
جنوری	800
فروری	1,500
مارچ	1,000
3 مہینے کا کُل	3,300

- جنوری کی آمدنی £800
- فروری کی آمدنی £1,500
- مارچ کی آمدنی £1000

وہ کُل رقم حاصل کرنے کے لیے تینوں مہینوں کی آمدنی میں کچھ اضافہ کرتے ہیں۔

اب انہیں صرف اس کُل کو تین سے تقسیم کرنے کی ضرورت ہے (ان مہینوں کی تعداد جس میں وہ حساب کتاب کرتے تھے)۔

تاریخ	£ میں آمدنی
سبھی 3 مہینے کا کُل	3,300
اسے مہینوں کی تعداد(3) سے تقسیم کریں	3/3,300
کُل	1,100

اس سے اب ایشان کو ان کی اوسط آمدنی £1,100 ماہانہ حاصل ہوگی اور وہ اسے اپنا بجٹ بنانے کے لیے استعمال کرسکتے ہیں۔



الیک کی کہانی

الیک دو سال پہلے خریدے ہوئے اپنے فلیٹ میں اکیلی رہتی ہے۔ وہ بس سے کام پر جاتی ہے۔ اپنے فرصت کے اوقات میں، اسے جم جانا پسند ہے۔ جب اسے نئی واشنگ مشین خریدنے کی ضرورت پڑی تو، اس نے اس کی ادائیگی کے لیے ایک چھوٹا سا قرض لیا جسے اسے ہر ماہ واپس کرنا پڑتا ہے۔ الیک اپنی کونسل ٹیکس ادائیگیوں میں بھی پیچھے تھی، لہٰذا اس نے انہیں فون کیا اور قرض کی ادائیگی تک ہر ماہ اضافی رقم کی ادائیگی کا انتظام کیا۔

الیک کے اخراجات کیا ہیں؟



مارک کی کہانی

مارک تنہا والد ہیں اور اسے اپنے بجٹ کا حساب لگانے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے نیچے اپنی آمدنی اور اخراجات کو لکھا ہے – ان پر ایک نظر ڈالیں پھر اگلے صفحے پر بجٹ شیٹ میں رقوم درج کریں۔

مارک کی ماہانہ آمدنی میں ان کی £950 کی تنخواہ، £500 کے فوائد (کرایہ اور کونسل ٹیکس میں مدد سمیت) اور £87.20 کے چائلڈ بینیفٹ شامل ہیں۔

ان کے ماہانہ اخراجات یوں ہیں، گیس اور بجلی £167، پانی £40، کھانا £350، کرایہ £800، انٹرنیٹ £17، فون £10، کونسل ٹیکس£110۔

انہوں نے فشنگ ویکلی کو بھی سبسکرائب کیا ہے جس کے لیے انہیں ہر مہینے £10 ادا کرنے پڑتے ہیں۔

مارک کا بجٹ

آئٹم	اخراجات
گیس اور بجلی	
پانی	
کھانا	
کرایہ	
انٹرنیٹ	
فون	
کونسل ٹیکس	
فشنگ ویکلی	
کُل اخراجات	

آئٹم	رقم
کام کی تنخواہ	
فوائد	
چائلڈ بینیفٹ	
کُل آمدنی	

کُل آمدنی	£
کُل اخراجات	£
اخراجات مائنس میں	£

مارک ہر مہینے رقم کی بچت کیسے کرسکتے ہیں؟

سام کا بجٹ

سام اپنے اخراجات کو کم کرنے کے لیے کیا اقدامات کرسکتے ہیں؟

آن لائن ٹولز

آپ اپنا بجٹ بنانے میں مدد کرنے کے لیے کون سے ٹولز استعمال کرسکتے ہیں؟

ہنگامی فنڈ

ہنگامی صورت حال میں آپ کو درج ذیل میں سے کون سی رقم بچانے کی کوشش کرنی چاہیئے؟

a. تین مہینے کے اخراجات
b. تین ماہ کی آمدنی
c. £1,000

آپ رقم کی بچت کرنا کیسے شروع کرسکتے ہیں؟ ان مختلف طریقوں پر تبادلہ خیال کریں جسے آپ آزما سکتے ہیں۔

سرگرمی - ہنگامی فنڈ شروع کرنا

سیلجا کا بجٹ

آمدنیاں	
کُل	£1,100
اخراجات	
کُل	£1,000
کُل آمدنی	£1,100
کُل اخراجات	£1,000
فرق	£100

سیلجا کے ماہانہ ہنگامی فنڈ کی رقم ______£

ایرما کا بجٹ

آمدنیاں	
کُل	£1,537.20
اخراجات	
کُل	£1,352.00
فرق	£185.20

ایرما کے ماہانہ ہنگامی فنڈ کی رقم _________£

مزید معلومات

بجٹ سازی کا اینیمیشن بجٹ سازی کے فوائد کے بارے میں مختصر اینیمیشن۔ https://youtu.be/IiiqHWWZEXQ
منی ہیلپر آن لائن بجٹ ٹول آپ کو اپنے بجٹ کا حساب لگانے میں مدد کرنے کے لیے آن لائن ٹول۔ https://www.moneyhelper.org.uk/en/everyday-money/budgeting/budget-planner
رقم کی بچت سے متعلق ماہر رقم کی بچت سے متعلق مشورے کی ویب سائٹ https://www.moneysavingexpert.com/

رقم کی فکر

رہن سہن کی لاگتوں میں اضافہ ہونے کے ساتھ، اپنی رقم کو برقرار رکھنا پریشان کن ہوسکتا ہے۔ خواہ آپ اپنی ادائیگیوں کا نظم کرنے میں جدوجہد کر رہے ہوں یا اخراجات کا احاطہ کرنے کے بارے میں فکر مند ہوں، آپ تنہا نہیں ہیں۔

Halifax بینک، زیادہ تر بینکوں کی طرح، مدد اور مشورے کی پیش کرتا ہے۔ مزید معلوم کرنے کے لیے اس لنک کا استعمال کریں https://www.halifax.co.uk/managingyourmoney/moneyworries.html

اپنے بینک سے مشورہ لینے کے لیے گوگل میں اپنے بینک کے نام کے بعد 'money worries' لکھ کر تلاش کریں

رفاہی امداد

قرض سے متعلق مشاورت کرنے والے رفاہی ادارے		
PayPlan – مفت میں قرض سے متعلق مشورہ اور مدد	• قرض سے متعلق مفت مشاورت • آپ کی رقم کے لیے ذاتی منصوبۂ عمل • مدد آن لائن یا فون کے ذریعہ دستیاب ہے	0800 280 2816 پر کال کریں - لائنیں پیر تا جمعہ صبح 8 بجے سے رات 8 بجے تک اور ہفتہ کو صبح 9 بجے -سے سہ پہر 3 بجے تک کھلی رہتی ہیں یا آن لائن ملاحظہ کریں https://www.payplan.com/

StepChange ڈیٹ چیریٹی	• آپ کے بجٹ کو واپس ٹریک پر لانے کے لیے مفت مشورہ • قرض کے حل کی ایک وسیع رینج • 7/24 آن لائن یا فون کے ذریعہ مدد	0800 138 1111 پر کال کریں - لائنیں پیر تا جمعہ صبح 8 بجے سے رات 8 بجے تک اور ہفتہ کو صبح 8 بجے سے- سہ پہر 4 بجے تک کھلی رہتی ہیں یا آن لائن ملاحظہ کریں https://www.stepchange.org/
قومی Debtline	• قرض سے متعلق مفت مشاورت • رہنمائی، حقائق نامہ، بجٹ سازی کے ٹولز اور نمونہ خطوط • فون پر اور آن لائن مشورہ	0808 808 4000 پر کال کریں - لائنیں پیر تا جمعہ صبح 9 بجے سے رات 8 بجے تک اور ہفتہ کو صبح 9.30 بجے سے دوپہر 1 بجے تک کھلی رہتی ہیں یا آن لائن ملاحظہ کریں https://www.nationaldebtline.org/

مالی تعاون		
Turn2us– مالی تعاون کے رفاہی ادارے	• صحیح تعاون اور اس تک رسائی کا طریقہ تلاش کریں • فنڈز، گرانٹس اور فوائد تلاش کریں • اپنے مقامی علاقے میں موجود مشیر سے بات کریں	کال کریں: 0808 802 2000 – لائنیں پیر تا جمعہ صبح 9 بجے تا شام 5 بجے کھلی ہیں یا آن لائن ملاحظہ کریں https://www.turn2us.org.uk/
MoneyHelper کی جانب سے رہنمائی	• فوائد، ٹیکس، پنشنز، مکانات اور بچت کے بارے میں حکومت کا حمایت شدہ مشورہ • رقم کا حساب لگانے والا، مفید مضامین اور مستقل اپ ڈیٹس • آن لائن، فون پر یا روبرو تعاون دستیاب ہے	کال کریں: رقم سے متعلق رہنمائی کے لیے 0800 138 7777 یا پنشنز کی رہنمائی کے لیے 0800 011 3797 - لائنیں پیر تا جمعہ صبح 8 بجے سے شام 6 بجے تک کھلی ہیں یا آن لائن ملاحظہ کریں https://www.moneyhelper.org.uk/en

مالی مشورہ		
سیٹیزنس ایڈوائس سے مدد	• فوائد، قرض، رہائش اور صارفین کے حقوق سمیت متعدد موضوعات پر مفت میں مشورہ • آپ کی رقم کے نظم و نسق میں مدد • آن لائن، شخصی طور پر یا فون پر تعاون	کال کریں: 0800 144 8848 یا 0800 702 2020 اگر آپ ویلز میں ہیں – لائنیں پیر تا جمعہ صبح 9 بجے تا شام 5 بجے کھلی ہیں یا آن لائن ملاحظہ کریں https://www.citizensadvice.org.uk/
ذہنی صحت رقم سے متعلق مشورہ	• ذہنی صحت اور رقم سے متعلق پریشانیوں کا سامنا کرنے والے لوگوں کے لیے مشورہ اور تعاون • فوائد، رقم کے نظم و نسق اور ذہنی صحت کی دیکھ بھال کے لیے خصوصی معلومات • پورے UK میں ایوارڈ یافتہ آن لائن مشورے کی سروس	یہاں آن لائن ملاحظہ کریں https://www.mentalhealthandmoneyadvice.org/

رہائش		
پناہ گاہوں کی رہائش اور بے گھروں کا رفاہی ادارہ	• رہائش سے متعلق مشورہ جن میں مارگیج، کرایہ اور فوائد شامل ہیں • رقم اور قرضوں کے ساتھ مدد • کسی سے آن لائن یا فون پر بات کریں	یہاں آن لائن ملاحظہ کریں https://www.shelter.org.uk/

ڈیجیٹل ہنر کے ساتھ مزید مدد اور مشورہ

ڈیجیٹل ہیلپ لائن – وی آر ڈیجیٹل کے ذریعہ فراہم کردہ ایک سروس

- فون پر مفت میں 1-2-1 ڈیجیٹل ہنر کی تربیت
- موضوعات میں؛ انٹرنیٹ بینکنگ، آن لائن فوڈ شاپنگ، ڈاکٹر کے اپائنٹمنٹ کی بکنگ، ویب سائٹ استعمال کرنا، ویڈیو کالوں کے ذریعے دوستوں اور خاندان کے ساتھ رابطے میں رہنا اور بھی بہت کچھ شامل ہیں

کال کریں: 0345 222 0333 – لائنیں پیر تا جمعہ صبح 9 بجے تا شام 5 بجے کھلی ہیں

جو لوگ بہرے ہیں اور برطانوی اشاراتی زبان (BSL) استعمال کرتے ہیں وہ BSL سائن ویڈیو کا استعمال کرتے ہوئے سیشن بُک کرسکتے ہیں۔ سفاری، کروم یا فائر فاکس ویب براؤزر پر دستیاب ہے۔

جن صارفین کو سماعت سے محرومی یا گویائی نقص ہے وہ ریلے یوکے کے ذریعے سروس کا استعمال کرسکتے ہیں۔

وہ اصطلاحات جو آپ سن سکتے ہیں

اصطلاح	معنی
بجٹ	اپنی رقم کا نظم و نسق کرنے اور یہ سمجھنے کا ایک طریقہ کہ آپ کے پاس کتنی آمدنی اور اخراجات ہیں
ڈیبٹ	جب آپ کے کھاتے سے رقم نکالی جاتی ہے تو، اسے اس کھاتہ سے 'ڈیبٹ' کر دیا جاتا ہے
قرض	وہ رقم جو آپ پر دوسرے لوگوں کا بقایہ ہے
ہنگامی فنڈ	مستقبل کی ضرورت کے لیے آپ جو رقم محفوظ کرتے ہیں
آمدنی	ادائیگی کے ذریعہ آپ کو ملنے والی رقم
قرض	وہ رقم جو آپ نے ادھار لیا ہے
اخراجات	وہ رقم جو آپ خرچ کرتے ہیں، مثال کے طور پر پانی کے بل پر